موسمِ گرما 2023



NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY

Battery Park City Authority

ہفتہ، مئی 20

مچھلی کا شکار!

دریائے ہڈسن کے کنارے پر بیٹری پارک سٹی کا جشن زندگی

صبح 10-دن 1 بجے، BELVEDERE PLAZA

مچھلی پکڑنے اور چھوڑنے کے لیے تجربہ کار بنسی بازوں کے ساتھ شامل ہوں اور دریائے ہڈسن میں زندگی کے متعلق جانیں۔ ہم جو مچھلی پکڑتے ہیں اس کا مشاہدہ اور شناخت کرنے میں مدد کریں، جو ہمیں ایسے تحقیقی گروپس کے ساتھ ڈیٹا شیئر کرنے کے قابل بناتا ہے جو ہمارے مقامی پانیوں کی صحت کی نگرانی کرتے ہیں۔ دن میں آرٹ پراجیکٹ اور فطری نظاروں کے مشاہدے کے لیے چہل قدمی بھی شامل ہے۔ علاوہ ازیں: کارنیوال ٹروپ **Bloco from the Block** کی جانب سے لائیو پرفارمنس سے محروم نہ رہیں۔

صبح 10-دن1 بجے: مچھلی پکڑنا اور چھوڑنا

صبح 10:45: آرٹ پراجیکٹ

صبح 11 بجے: فیملی شو

دن 12:15: فطری نظاروں کے مشاہدے کے لیے چہل قدمی



ہفتہ، مئی 06

مجھے اپنا پارک ڈے پسند ہے

صبح 11-دن 12 بجے، ROCKEFELLER PARK HOUSE

تمام شہری سائنسدانوں کو طلب کر رہے ہیں! ریاست نیو یارک کے تمام خوبصورت پارکس میں رضاکاروں میں شامل ہوں۔ بیٹری پارک سٹی کو گھر کہنے والے جنگلی حیات کے وسیع تنوع کے متعلق جانیے کے لیے iNaturalist مفت ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔ ہر مشاہدہ BPC کے حیاتیاتی تنوع کی دستاویز بندی میں مدد کرتا ہے۔ مزید تفصیلات کے لیے ٹیبل برائے معلومات پر ٹھہریں۔

جمعرات، مئی 11

HK2K FLIX: INFERNAL AFFAIRS

شام 6:30 بجے، 6 RIVER TERRACE

ایشیائی امریکی اور جزائر بحرالکاہل کے باشندوں کے مہینہ برائے ثقافت کے جشن میں، BPCA **اینڈریو لاؤ (Andrew Lau)** اور **ایلن ماک (Alan Mak)** کی جانب سے مشترکہ ہدایت میں بنے والی فلم *Internal Affairs (2002)* پیش کرتا ہے۔ ہانگ کانگ پولیس فورس کے غدار افسر اور ایک دوسرے خفیہ پولیس والے کے درمیان ایک کہانی ہے۔ ان کے اہداف یکساں ہوتے ہیں: کہ پتا لگایا جائے کہ کون غدار ہے اور کون پولیس والا۔ مفت پاپ کارن پیش کیے جائیں گے اور اسکریننگ کے بعد گفتگو کا انعقاد ہو گا۔

اتوار، مئی 14

ماؤں کے دن کے موقع پر نسوانیت کی پذیرائی

میہوگنی ایل براؤن (MAHOGANY L. BROWNE) اور دوستوں کی جانب سے نظمیں

دن 2-3:30، ESPLANADE PLAZA AT JUSTICE REFLECTED

میہوگنی ایل براؤن بڑے پیمانے پر خواتین اور بچوں کو اسیر کرنے کے اثر کے جواب میں، اپنی کتابوں *Woke: A Poem Black Girl Magic* اور *I Remember Death By Its Proximity to What I Love: Baby* سے اقتباس پڑھی ہیں۔

دیگر شاعراؤں جو کہ مائیں ہیں ان کی نظموں، موسیقی اور آرٹ کی سرگرمی سے لطف اندوز ہوں۔ امریکہ میں ماؤں کے دن کا آغاز شیر خوار بچوں کی شرح اموات میں کمی کے لیے فعالیت کے دن کے طور پر ہوا تھا۔ خانہ جنگی کے دوران یہ کنفیڈریٹ اور یونین خاندانوں، دونوں کی ماؤں کے لیے خلاف جنگ نعرہ برائے عمل اور بین الاقوامی تحریک "خواتین برائے امن کے مفادات کی ترویج" بن گیا تھا۔

منتخب ایام جمعرات، مئی 04، جون 01، جولائی 06

عصر حاضر کے ایشیائی امریکی ترانے

شام 7-8، RECTOR PARK EAST

مئی میں ایشیائی بحر الکاہل مہینہ ثقافت کا جشن منائیں۔

ایشیئن امریکن رائٹرز ورکشاپ جم ڈائن (Jim Dine) کی جانب سے بمقام اسکلپچر Ape & Cat (At the Dance) کے قریب Rector Park East پر مشاعرے کا انعقاد کروا رہی ہے۔ شاعری جون اور جولائی میں جاری رہے گی۔ 1991 سے، AAWW نے ایشیائی امریکی ادب کی تعریف و توضیح کرنے میں مدد کی ہے اور ایک ایسا متبادل پلیٹ فارم فراہم کیا ہے جو بجرت، نسل اور سماجی انصاف کے میل کے مقام پر موجود مسائل کو حل کرتا ہے۔

بیٹری پارک سٹی اتھارٹی کے ساتھ اشتراک کے ذریعے ممکن بنایا گیا۔

منتخب ایام جمعہ

نیو یارک آرٹ لیکچر سیریز

دن 12-1:30، 200 RECTOR PLACE

گروپ ترتیب میں Zoom کے ذریعے مثالوں کے ساتھ بیان کردہ پریزنٹیشنز اور جہتی گفتگو کے لیے مورخ فن اور لیکچرر **سیلویا لاڈین میو (Sylvia Laudien-Meo)** کے ساتھ شامل ہوں۔

مئی 05: MTA آرٹس اور ڈیزائن

میٹروپولیٹن ٹرانسپورٹیشن اتھارٹی نے سب وے اسٹیشنز کے لیے شاندار آرٹ تخلیق کرنے کی غرض سے آرٹسٹس کو تعینات کیا ہے۔ آرٹ ثقافتی تنوع، تاریخ، اور ادر گرد کے علاقوں کی پذیرائی کرتا ہے اور تخلیق کے اس عالمی دارلخلافہ کے فخر سے سرشار اراکین بننے کے لیے ناظرین کو بااختیار بناتا ہے۔

مئی 12: ٹفنی اور لا فارج – انقلابی امریکی شیشے کی کھڑکیاں

19 ویں صدی کے آخری عشروں میں، **لوئس کمفرٹ ٹفنی (Louis Comfort Tiffany)** اور **جان لا فارج (John La Farge)** پورے ملک میں خوشنما رنگدار شیشوں کے کمیشنز کے لیے مسابقین تھے۔ ان کے کام سفر، فاصلاتی ثقافتوں، فطرت، جدید آرٹ اور پیچیدہ اندرونی تزئین کو ظاہر کرتے تھے۔

بیٹری پارک سٹی اتھارٹی کے ساتھ اشتراک کے ذریعے ممکن بنایا گیا۔

منگل مئی 02 –
ہفتہ مئی 06

الومینیشن اسپرنگ شو کیس

شام 7:30 بجے، BELVEDERE PLAZA

خود کو ایک اپنی مثال آپ لائٹ فیسٹول میں **Illumination.nyc** کے ساتھ ورطہ حیرت میں مبتلا کریں۔ پانچ راتوں کے لیے بیٹری پارک سٹی کو ایک بالکل نئی روشنی میں دیکھیں، روشنی پر مبنی تخلیقات کے ساتھ تعامل کریں، کھلے آسمان تلے DJs کے ساتھ رقص کریں، اور ایک دو سرپرائز پرفارمنس کا حصہ بنیں۔ شو **QuietEvents** کے ساتھ خاموش ڈسکو کے بمہراہ 6/5 کو بند ہوتا ہے۔ بیڈ فونز مفت ہیں؛ id درکار ہے۔

RSVP کے لیے QR کوڈ اسکین کریں۔



مئی کے ایونٹس

جون کے ایونٹس

ہفتہ، جون 10

کمیونٹی ڈانس: ممبو

شام 6:30، ESPLANADE PLAZA

کیریبین امریکی مہینہ ثقافت کے جشن میں، سب کو **مچ فارمین لاطینوی جاز کوارٹ** کی ہمراہی میں **فرانک موہل (Franck Muhel) اور ان کے ممبو ڈانسرز** کی ہمہ جہتی و تخلیقی توانائی کے تجربے سے مستفید ہونے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ انسٹرکٹر کی ہمراہی میں منعقدہ تحریکی ورک شاپ کے ساتھ ممبو کے روایتی اسٹیپس سیکھیں، اور پھر لائیو پرفارمنس کے دوران ڈانس فلور پر اپنی قابلیت کا مظاہرہ کریں۔

جمعرات، جون 15

خاموش ڈسکو فخر پارٹی

شام 7-10 بجے، ESPLANADE PLAZA

QuietEvents کی طرف سے **گوتھم چیئر (Gotham Cheer)** اور کوئیر DJs والی خاموش ڈسکو ڈانس پارٹی کے ساتھ ماہ فخر کا جشن منائیں۔ ہمارے روشن ہیڈ فونز کے ذریعے جوش و ولولے سے بھرپور دھنوں پر ڈانس کرتے ہوئے حیرت انگیز غروب آفتاب کے مناظر اور مجسمہ لبرٹی ہمارا عقبی منظر ہوں گے۔ ہیڈ فونز مفت ہیں؛ id درکار ہے۔



جمعرات، جون 01

HK2K FLIX: IN THE MOOD FOR LOVE

شام 6:30 بجے، RIVER TERRACE 6

1960 کے عشرے کے اوائل کے ہانگ کانگ میں تیار کردہ، In the Mood for Love (2000) کی ہدایات **وونگ کار وائی (Wong Kar-wai)** نے دی ہیں، اور یہ ان دو پڑوسیوں کی کہانی بیان کرتی ہے جو اپنے شریکین حیات کے کسی دوسرے تعلق پر شبہ ہونے کے بعد مضبوط تعلق استوار کرتے ہیں۔ مفت پاپ کارن پیش کیے جائیں گے اور اسکریننگ کے بعد گفتگو کا انعقاد ہو گا۔



ہفتہ، جون 03

فیملی ورک شاپ بروز ہفتہ: DRAG STORY HOUR

صبح 11 بجے، ROCKEFELLER PARK HOUSE

ماہ فخر کے جشن میں، Drag Story Hour BPCA متعارف کرواتی ہے، جو کہ ایک ایسا پُرلطف اور شاندار تعلیمی تجربہ ہے جو صنفی تغیر اور ہر طرح کے فرق کا جشن مناتا ہے تاکہ ہمدردی کا احساس تخلیق کیا جا سکے اور بچوں کو اعتماد دیا جا سکے تاکہ وہ جس طرح آرام دہ محسوس کرتے ہوں اس طرح اپنے احساسات کا اظہار کر سکیں۔

جمعرات، جون 08

درمیانی وقفے: پال ٹیلر ڈانس کمپنی

شام 6:30، BELVEDERE PLAZA

ہمارے دور کے انتہائی مقبول اور ہمہ جہتی جدید ڈانس کے فنکاروں میں سے ایک، **پال ٹیلر اسکول**، اپنی عالمی شہرت یافتہ مخزن نمائش سے کوریو گرافی کو سامنے لاتے ہوئے ایک پُرلطف تعامل پذیر ڈانس کلاس کی قیادت کرے گا۔ جانیں کہ یہ ڈانس کمپنی کیوں دنیا بھر میں زندگیوں کو بدلنا اور متاثر کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔

اتوار، مئی 21

مشپاچا فیسٹ! – ورثے، شجرہ نسب، اور ہجرت کا ایک جشن

صبح 10-شام 5 بجے، یہودی ورثہ میوزیم،

BATTERY PLACE 36

کنسرٹس، نمائشی ٹورز، لیکچرز اور شرکت کے ایونٹس۔ JewishGen – عالمی مرکز برائے یہودی شجرہ نسب کے محقق معاونین سے ملیں۔

یہودی ورثہ میوزیم – بیٹری پارک سٹی کے ہمراہ ہولوکاسٹ کی زندہ یادگار کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے ممکن بنایا گیا۔

جمعرات، مئی 25

اسٹرنگز آن ہڈسن: ARKAI

شام 6:30، BELVEDERE PLAZA

ایشیائی امریکی اور جزائر بحرالکاہل کے باشندوں کے مہینہ ثقافت کے جشن میں، **ARKAI** BPCA کو متعارف کرواتی ہے، جو کہ ایوارڈ یافتہ دو الیکٹو ایکوئسٹک افراد ہیں جنہوں نے اپنی صنف موسیقی سے ہٹ کر اسٹرنگ موسیقی کے ذریعے دنیا بھر میں سامعین کو متاثر کیا ہے۔



مئی کے ایونٹس

منتخب ایام ہفتہ

SKYSCRAPER MUSEUM فیملی پروگرامز

صبح 10:30 تا دن 12 بجے، THE SKYSCRAPER MUSEUM, 39 BATTERY PLACE

براہ کرم رجسٹر کرنے اور مزید معلومات کے لیے skyscraper.org/family_programs ملاحظہ کریں

مئی **20**: کرسلر بلڈنگ کو اپنا تاج کیسے حاصل ہوا

جون **03**: عالمی آرکیٹیکچر: مساجد

جون **17**: چہل قدمی کے لیے موزوں شہروں کی اہمیت

جولائی **15**: درختوں کا آرکیٹیکچر

اگست **19**: بیٹری سٹی پارک میں مجسمے اور مورتیاں

چہل قدمی کے ٹوورز

بیٹری پارک سٹی کے مختلف محلوں کے چہل قدمی کے ٹوورز میں شامل ہوں۔ گرین گائیڈ لائنز، BPC کے LEED سرٹیفیکیشن میں قائدانہ کردار، شہری ترقی میں عوامی و نجی شراکت داری، اور عوامی رسائی اور تفریح کے لیے مینہیٹن واٹر فرنٹ کے افتتاح کے متعلق جانیں۔

بیٹری پارک سٹی اتھارٹی کے ساتھ اشتراک میں اسکائی اسکریپر میوزیم کے ذریعے پیش کردہ۔

آرٹ ورک کا مشاہدہ کریں –*انصاف کی عکاسی*

جاری ہے، ESPLANADE PLAZA

ایسپلانڈے پلازا وال پر ایک آرٹ کا خیر مقدمی فرد **جیمز یایا ہو (James Yaya Hough)** کی جانب سے *انصاف کی عکاسی* کے مختصر، آمد کے موقع پر تعارف کی پیشکش کرتا ہے۔ 2022 میں آرٹ برائے انصاف کے ساتھ بیٹری پارک سٹی کے لیے بنائے گئے شیشے پر پچی کاری کے نمونوں کو غور سے دیکھیں۔ امریکی انصاف اور سزایابی کے نظام میں آرٹسٹ کے تخیلات اور تجربے کے متعلق سنیں۔ دن اور اوقات کے لیے براہ کرم bpca.ny.gov/events ملاحظہ کریں۔



بدھ، جون 28

BPC کمیونٹی فیلڈ ڈے
صبح 11-دن 2 بجے تک، ROCKEFELLER PARK

موسم گرما کے لیے اسکول کی چھٹیاں ہو گئی ہیں! روکیفیلر پارک میں کمیونٹی فیلڈ ڈے کا جشن منائیں۔ باسکٹ بال کورٹ میں فاسٹ بریک سیکھیں جس کی قیادت **نیو یارک لبرٹی** کے کوچز کرتے ہیں۔ کلاسک فیلڈ ڈے کھیلوں اور ہمارے سالانہ رسہ کشی کے مقابلے میں شریک ہوں۔ اس کے علاوہ لائیو DJ، لان گیمز، پانی کے کھیل، اور مزید بہت کچھ موجود ہے!











جمعہ، جون 23

سویڈش وسطی موسم گرما کے فیسٹیول کی پچیسویں اینیورسری
شام 5-8 بجے، ROCKEFELLER PARK

شاندار داخلہ: چیمبرز اسٹریٹ اور دالان دریا

موسم گرما میں انقلاب شمسی کے اس ماضی کی یادوں سے بھرپور جشن کا لطف اٹھائیں۔ وسطی موسم گرما پول کے گرد شاندار ڈانس میں شامل ہوں۔ خوبصورت پھولوں سے سجے ہار بنائیں جو سویڈن میں انقلاب شمسی کے موقع پر بہار سے لطف اندوز ہونے والے افراد کی نمائندگی کرتے ہیں۔ پریڈ، بچوں کے کھیلوں، اور سویڈش کھانوں کا لطف اٹھائیں۔ **پال ڈاہلن (Paul Dahlin)** کی جانب سے روایتی موسیقی اور مینہاولس میں **امریکی سویڈش انسٹیٹیوٹ** کی طرف سے فذلرز پیش کیے جائے ہیں۔ اسکینڈی نیویائی ماہر لوک روایات، راس سٹر کی جانب سے ڈانس کی قیادت کی جائے گی۔

سویڈن کے کونسلیٹ جنرل، نیو یارک اور بیٹری پارک سٹی اتھارٹی کی جانب سے پیش کردہ۔



ہفتہ، جون 17

جون ٹینتھ جشن
شام 4-6 بجے، ROCKEFELLER PARK

جون ٹینتھ، یا یوم بریت، کا آغاز 1865 میں گالویسٹن، ٹیکساس سے ہوا۔ بیٹری پارک سٹی کا ساتواں سالانہ جون ٹینتھ جشن لطف اور تاریخ، آرٹ اور موسیقی کی پیشکش کرتا ہے۔ **سیاہ فام کاؤ بوائز کی فیڈریشن** تاریخ، گھڑ سواری کے فن، اور گھڑ سواری کا اشتراک (3 سال یا زائد عمر کے افراد کے لیے) کرتی ہے۔ جون ٹینتھ کا اپنا ذاتی جھنڈا خود رنگیں یا رومال بنائیں۔ مغربی انداز یا جون ٹینتھ کا لباس اختیاری ہے! کمبل اور رات کے کھانے کی باسکٹ ہمراہ لائیں۔





RIVER TO RIVER فیسٹیول

River to River کو زخموں پر مرہم رکھنے اور نیو یارک کے باشندوں کی آرٹ کی طاقت اور فنکاروں کی تخلیقی صلاحیت، ثقافتی اداروں، اور شہری محکموں کے ساتھ ملنے پر سامنے آنے والی ممکن چیز کے ذریعے جشن منانے کے لیے 9/11 کے نتیجے میں تخلیق کیا گیا تھا۔
مزید تفصیلات کے لیے LMCC.net/R2R ملاحظہ کریں۔

ہفتہ، جون 10 اور اتوار، جون 11

مشیکینتک، "دو اطراف بہنے والا دریا"
صبح 11-شام 5 بجے، BELVEDERE PLAZA

کولمبیئن آرٹسٹ **مارٹا بلیئر (Marta Blair)** کی جانب سے لینیپ لوگ جو دریائے ہڈسن کو مشیکینتک، "دو اطراف بہنے والا دریا" کہتے ہیں، ان سے متاثر ہو کر بڑے پیمانے کی ٹیپ انسٹالیشن میں شرکت کرنے کے لیے عوام کو مدعو کرتی ہیں۔ دریائی کھاڑی کے بہاؤ کو ظاہر کرنے والے رنگ اور بڑی اشکال کے ذریعے، بلیئر کا مقصد فطرت اور شہری ارضی منظر کے درمیان روابط کو دوبارہ تخلیق کرنا ہے۔

ہفتہ، جون 17

ناتو کمارا (NATU CAMARA) کے ساتھ RIVER TO RIVER کا اختتامی کنسرٹ
شام 6:30-8، ROCKEFELLER PARK

River to River کا اختتامی کنسرٹ گنین موسیقار اور سرگرم کارکن **ناتو کمارا** اور ان کے وابرینٹ بینڈ کی ان کی آنے والی البم میں سے پرفارمنسز کے ساتھ جون ٹینتھ جشن کو جاری رکھتا ہے۔ ان کے محبوب وطن سے متاثر، ان کا حوصلے جوان کرنے والا پیغام، ایفرو راک اینڈ سول کا امتزاج ہے۔
"میرے نیو یارک کے باسیوں، اپنے آرام دہ جوتے پہن لو، ہم دریا کے کنارے مل کر گائیں گے اور ڈانس کریں گے!"
– ناتو کمارا
سبھی بیٹری پارک اتھارٹی کے ساتھ شراکت میں ثقافتی کونسل برائے زیریں مینہیٹن (LMCC) کی جانب سے پیش کردہ۔

ونڈو نمائش – جون میں آ رہی ہے!
POETS HOUSE, 10 RIVER TERRACE

ونڈو نمائش میں موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے شعراء کے ردعمل اور ہمارے گرد فطری دنیا کے حوالے سے ان کے جشن کو دریافت کریں۔ عمارت کے زیر تزئین و آرائش ہونے کے دوران، نمائش کو دالان دریا اور مرے اسٹریٹ سے دیکھا جا سکتا ہے۔
بیٹری پارک سٹی اتھارٹی کے ساتھ شراکت کے ذریعے ممکن بنایا گیا۔

دریا اور بلیوز

نئے مقام روکیفیلر پارک میں غروب آفتاب کے دوران عالمی معیار کی بلیوز سے متاثر موسیقی کا تجربہ حاصل کریں

دروازوں کا کھلنا: شام 6 بجے، شو: شام 7 بجے

جمعرات، جولائی 27

الیسن رسل (ALLISON RUSSEL)

الیسن رسل – شاعرہ، گلوکار، گٹار کی لکھاری، متعدد آلات موسیقی بجانے والی، سرگرم کارکن، اور Our Native Daughters اور Birds of Chicago کی مشترکہ بانی – اپنی کامیاب ابتدائی البم Outside Child میں اپنی نوجوانی کے متعلق تفصیل سے بیان کرتی ہیں۔ وہ فراہمی اور نجات، اور ان مقامات اور لوگوں اور حقائق سے آگہی کے متعلق گاتی ہیں جنہوں نے بقا پائی اور اپنی آزادی کا دعویٰ کرنے میں ان کی مدد کی۔



جمعرات، جولائی 20

TAMIKREST

Tamikrest کی موسیقی مغربی افریقی اشومر، ٹوریگ بلیوز سے اخذ کی گئی ہے، اور متعدد بین الاقوامی، نیز ملحقہ ثقافتوں کے اثرات مستعار لیتی ہے۔ بینڈ کا ارادہ تاما شیک شاعری اور ثقافت کو صحارا صحرا کی وسعتوں سے بھی کہیں زیادہ بڑی دنیا کے باسیوں کے لیے قابل رسائی بنانا ہے۔



جمعرات، جولائی 13

LEE FIELDS

Lee Fields کا نامور، دہائی کے عرصے پر محیط کیریئر جدید سول کے منظر نامے پر راج کرتا ہے۔ بیس البمز اور چالیس سے زائد تنہا گانوں کے علاوہ، ان کا شاندار کام پاپ موسیقی کے آرٹسٹس اور ہپ ہاپ کے بڑے فنکاروں کے نمونوں کے ذریعے توجہ اپنی طرف مبذول کرنا جاری رکھے ہوئے ہے۔



جمعرات، جولائی 06

THE DIP

سیٹل میں مقیم، سات افراد پر مشتمل The Dip ایسے دم بخود کرنے والے سُر اور بلیوز پر مبنی موسیقی فراہم کرتا ہے جو سننے والوں کے جذبات میں سرایت کر جاتی ہے۔ ہر کسی کو عام تنقیہ نفس تا بوجھل دل کے شعور سے لے کر ایک عجیب خوشی تک ابھارتا ہے، نتیجتاً سامنے آنے والا شاندار کام زیادہ بہتر ذہنی حالت کی طرف فوری راہ فرار فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ موجودہ پل کے مزاج کو خود پر طاری کرنے کا موقع دیتا ہے۔



پیر – جمعہ جولائی 31-اگست 18

پینٹ، پاپ اور راک

برائے عمر 17-14

دن 12:30- شام 5 بجے تک، 6 RIVER TERRACE

فیس اندراج کی بنیاد پر مختلف ہو سکتی ہے

رجسٹریشن درکار ہے، جگہ محدود ہے۔

چرچ اسٹریٹ اسکول برائے موسیقی و آرٹ کے ساتھ مشترکہ طور پر پیش کردہ، تمام لیولز کے کم عمر نوجوانوں کو آرٹ اور موسیقی تخلیق کرنے، ہفتہ وار پرفارمنسز میں تعاون کرنے اور 8/18 کو ہونے والے لائیو کنسرٹ اور آرٹ شو میں شرکت کرنے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔
مواد شامل ہیں، وظائف دستیاب ہیں۔ رجسٹریشن درکار ہے، براہ کرم مزید تفصیلات اور رجسٹر کرنے کے لیے اس پر ای میل کریں: tereza@churchstreetschool.org



بدھ، جولائی 12

موسم گرما میں خون کی فراہمی کی تحریک

دن 12-شام 6 بجے تک، 6 RIVER TERRACE

ٹرائی اسٹیٹ ایریا میں ختم ہوتی ہوئی ترسیلات کو پورا کرنے میں مدد کریں۔ پورے عمل میں ایک گھنٹے سے بھی کم کا وقت لگتا ہے اور ایک عطیہ کئی زندگیاں بچا سکتا ہے! آج ہی اس پر سائن اپ کریں:
nybloodcenter.org

ہفتہ، جولائی 15

فیملی ورک شاپ بروز ہفتہ: سٹی آف واٹر ڈے

صبح 11 بجے، RECTOR GATE

سٹی آف واٹر ڈے ایک مفت، ساحل پھر میں منعقدہ جشن ہے جس کی تنظیم کاری **واٹر فرنٹ الائنس** اور اس کے شراکت داروں کی جانب سے کی جاتی ہے تاکہ لوگوں کو پانی تک، اس کے اوپر یا اس کے اندر جانے پر قائل کیا جا سکے۔ دریائے ہڈسن کے کنارے اس مثالی ترتیب میں ہمارے ساتھ شامل ہوں تاکہ جشن منا سکیں اور ماحولیاتی ذمہ داری کے متعلق جان سکیں اور فطرت کے مناظر کے مشاہدے کے لیے چہل قدمی میں شریک ہوں جو ایک مشترکہ آرٹ پراجیکٹ کی صورت میں اختتام پذیر ہو گی۔



جمعرات، اگست 10

وقفوں کے دوران: BRASS QUEENS

شام 6:30، BALVEDERE PLAZA

Brass Queens 8 افراد پر مشتمل ایک براس بینڈ ہے جس کی موسیقی نیو اولینز کی روایت سے نہایت متاثر ہے، جبکہ مختلف اطراز پر مشتمل ہے۔ بروکلین سے تعلق رکھنے والی Brass Queens تمام خواتین پر مشتمل ایک ہارن سیکشن ہے جو مردوں کی بالادستی والی انڈسٹری میں خواتین کے مقام کو وسعت دینے کے لیے کوشاں ہے۔



ہفتہ، اگست 05

کمیونٹی ڈانس: ڈانس پارٹی NYC

شام 7 بجے، ESPLANADE PLAZA

ایک ہی دن، تمام پانچ بوروز میں موجود پارٹنر سائٹس پر، تمام نیو یارک کے شہری بڑی خوشی اور جشن میں ڈانس کریں گے۔ ایک DJ آپ کے تمام موسم گرما کے وقت کے پسندیدہ گیت چلائے گا جبکہ ہم تمام عمر کے افراد ڈانس موووز سیکھیں گے۔ BPC کی شاندار بیرون خانہ ڈانس پارٹی پر آئیں – اور آئیں سب مل کر ڈانس کرتے ہیں!



تمام عمر کے افراد کے لیے پروگرامز

بدھ کے ایام
مئی **03**-اکتوبر **11**
یوگا بوقت غروب آفتاب
شام 7-6 بجے، ROCKEFELLER PARK SOUTH LAWN
نمستے! بیرون خانہ یوگا کے ساتھ دن کو الوداع کہیں۔ دریائے ہڈسن کے پُرسکون ماحول سے محیط اس تزکیہ نفس کی مشق میں خود کو مستغرق کریں۔ اپنے انسٹرکٹر کی طرزوں اور اندازوں کی رہنمائی کے ساتھ ایک آرام دہ ماحول میں جسمانی اور اخلاقی آگہی کو مضبوط بنائیں۔ تمام رنگ و نسل و عمر کے افراد کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔ اپنا ذاتی میٹ لانے کی ترغیب دی جاتی ہے، کیونکہ لوازمات پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر فراہم کیے جائیں گے۔



بدھ کے ایام
جولائی **12**-جولائی **26**
BPC میں شاعری و چہل قدمی
صبح 11:30-10 بجے، ROCKEFELLER PARK HOUSE میں ملاقات
شاعری کے تمام شوقین افراد کو مدعو کیا جاتا ہے! BPC کے منفرد تجربے کو دریافت کرنے والی چہل قدمی میں شامل ہوں۔ ہر ہفتے، ہم ایسی جگہیں تلاش کریں گے جہاں شاعری پارکوں کی شہری/قدرتی ترتیب میں سامنے آتی ہو۔ پڑھیں اور تبادلہ خیال کریں!
بعد ازاں ہمارے تاثرات کا جشن منانے کے لیے ایک پُرلطف سرگرمی۔



اگست کے ایونٹس

ہفتہ، اگست **12**-جمعہ، اگست **18**
بیالیسواں بیٹری ڈانس فیسٹیول
شام 7 بجے، ROCKEFELLER PARK
بیٹری ڈانس فیسٹیول نیو یارک شہر کا سب سے طویل عرصے سے چلنے والا مفت عوامی ڈانس فیسٹیول ہے۔ اب اپنے بیالیسویں سال میں، فیسٹیول ایک مرتبہ پھر زیریں مینہیٹن میں دنیا بھر سے آرٹسٹس کو لا کر ایک جگہ جمع کرے گا، کائنات کے جشن میں مختلف اندازوں، کلاسیکی تا جدید، کو ظاہر کرے گا۔
بیٹری پارک سٹی اتھارٹی کے ساتھ شراکت میں بیٹری ڈانس کی جانب سے پیش کردہ۔



بالغان اور عمر رسیدہ افراد کے لیے پروگرامز

منگل کے ایام
مئی **02**-اکتوبر **24**

عمر رسیدہ افراد کا ڈراپ ان اور ماڑانگ برائے بالغان
دن2-4 بجے تک، 200 RECTOR PLACE
BPCکمیونٹی روم میں آئیں اور گفتگو، مقامی خبروں، اور غیر رسمی کارڈ اور بورڈ گیمز کے لیے گریٹر علاقے سے تعلق رکھنے والے عمر رسیدہ افراد کے ساتھ شامل ہوں۔ ماڑانگ پلیئرز درکار ہیں! بورڈز اور کارڈز فراہم کیے جائے ہیں، یا اپنے ہمراہ لا سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے اس پر ای میل کریں:
200rector@bpca.ny.gov
7/4 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔



منگل اور جمعے کے ایام
مئی **02**-اکتوبر **31**

ZUMBA برائے بالغان
صبح 10:30-11:30 بجے تک، IRISH HUNGER MEMORIAL PLAZA
مخفی ورزش! اپنے توازن، کوآرڈینیشن، اور حرکت کی حد پر کام کرنے کے ساتھ عمل کرنے میں آسان لاطینی ڈانس کوریو گرافی کی حامل تفریح میں شامل ہوں۔ اپنے دوستوں کو ہمراہ لائیں اور جوش و جذبے والی ہدایت، کسی حد تک تقویت کی تربیت اور بے شمار لطف کے لیے تیار ہو کر آئیں۔
5/26، 6/16، 7/4، 10/6 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔

پیر کے ایام
مئی **01**-اکتوبر **30**

عمر رسیدہ افراد کے گروپ کی ورزش
صبح 10:30-11:30 بجے تک، IRISH HUNGER MEMORIAL PLAZA
مختلف پُرلطف ورزشوں کے ساتھ جسم کو گرم کرنے سے لے کر اس کے ٹھنڈے ہوئے تک پورے جسم کو تقویت دیں۔ انسٹرکٹر نغماتی حرکت اور ایروبکس، تعلق اور کوآرڈینیشن کی ورزشوں، نیز تقویت کی تربیت میں آپ کی قیادت کرے گا۔ آئیں گروپ میں شامل ہو جائیں اور زبردست موسیقی کی دھن پر ورزش کریں!
5/29، 6/19، 7/3، 9/4، 10/9 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔

پیر کے ایام
مئی **01**-جون **12**

تخلیقی تحریر
دن 2-3:30 بجے تک، BATTERY PARK CITY LIBRARY,
175 NORTH END AVENUE
مفت پروگرام: رجسٹریشن درکار ہے،
جگہ محدود ہے
بیٹری پارک سٹی لائبریری کے ساتھ مشترکہ طور پر پیش کردہ، مصنف اور شاعر جان کرلی (Jon Curley) کی قیادت میں ہونے والے ہفتہ وار تحریری سیشن میں ہمارے ساتھ شامل ہوں۔ زندگی کے واقعات سے متاثر ہو کر، شرکاء کو کسی بھی ترجیحی طرز میں اپنے تحریری اندازوں کو بہتر بنانے کے طریقے کے طور پر عکاسی کو استعمال کرنے کی ترغیب دلائی جائے گی۔
رجسٹریشن درکار ہے، براہ کرم اس پر ای میل کریں: registration@bpca.ny.gov
5/29 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔



تمام عمر کے افراد کے لیے پروگرامز

جمعے کے ایام
مئی **12**-جون **30**

دائرۂ گلوکاری بوقت غروب آفتاب
شام 7-8:30 بجے تک، IRISH HUNGER MEMORIAL PLAZA
گلوکار/موسیقار **تیرے روشے (Terre Roche)** دریائے ہڈسن پر غروب ہوتے سورج کے خوبصورت پس منظر کے ساتھ اس ہفتہ وار گلوکاری کے پروگرام کی قیادت کرتی ہیں۔ خواہ آپ نوآموز ہوں یا تجربہ کار گائیک ہوں، دائرہ موسیقی خوشگوار دھنوں اور صحت بخش ہم آہنگی کے لیے بہترین ہے۔ 6/23 کو کوئی پروگرام منعقد نہیں کیا جائے گا۔

جمعے کے ایام
جولائی **07**-اگست **11**

دریائے ہڈسن پر بوقت غروب آفتاب موسیقی کی مشق
شام 6:30-7:30 بجے تک، ROCKEFELLER PARK HOUSE
جمعے کی شام کے اس پروگرام میں سُر اور تال فضا میں اپنا رنگ بکھیرتے ہیں۔ پیشہ ور ڈرمرز کو فالو کریں جیسا کہ وہ دھڑکنوں میں ارتعاش پیدا کرنے والی روایتی افریقی ڈرمنگ تکنیکوں کی دھنوں کے ذریعے آپ کی رہنمائی کرتے ہیں۔ ڈرمز فراہم کیے جائے ہیں، ڈانس کا خیر مقدم کیا جاتا ہے۔



ہفتے کے ایام
مئی **06**-اکتوبر **28**

پارک میں ڈرائنگ

صبح 10-دن 12 بجے تک، SOUTH COVE

دریائے ہڈسن کے جادوئی نظاروں اور ساؤتھ کوو کے منفرد ارضی مناظر کی تصویر کشی کے لیے واٹر کلرز میں پینٹ کریں یا پیسٹلز اور ڈرائنگ کے دیگر مواد استعمال کریں۔ آرٹسٹ/معلم تمام رنگ و نسل و عمر کے شرکاء کی ہدایت اور اصلاح کے ساتھ مدد کرے گا۔ مواد فراہم کیے جائے ہیں، اور آرٹسٹس کی اپنے پسندیدہ میڈیا کو بمراہ لانے کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔

5/27، 6/17، 7/1، 9/2، 10/7 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔



جمعے کے ایام
مئی **05**-اکتوبر **27**

تائی جی

صبح 8:30-9:30 بجے تک، ESPLANDE PLAZA

آسان ورزشوں کے ذریعے توازن، طاقت، اور توجہ کو بہتر بنائیں۔ دریا کے نظارے اور آوازیں بہاؤ کے قدیم اندازوں کے لیے ایک پُرسکون پس منظر فراہم کرتے ہیں۔ تمام عمر کے شرکاء کے لیے مثالی انتخاب ہے۔ 5/26، 9/1، 10/6 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔



بدھ کے ایام
مئی **03**-اکتوبر **25**

فطری مناظر کی ڈرائنگ کے عناصر

دن 2-4 بجے تک، RECTOR PARK EAST

مہارت کے تمام درجوں کی ہماری آرٹسٹس کی کمیونٹی میں شامل ہو جائیں جیسا کہ ہم ڈرائنگ کے مواد، پیسٹلز اور واٹر کلرز کے ساتھ مصوری کے لیے اپنے اطراف سے متاثر ہیں۔ BPC کے خوشنما باغوں کے پھولوں سے بھرے اور موسمی ارتقا پذیر پبلیٹ کے درمیان اپنے آرٹ ورک کی حوصلہ افزائی کریں۔ مواد فراہم کیے جائے ہیں، اور آرٹسٹس کی اپنے پسندیدہ میڈیا کو بمراہ لانے کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔



جمعرات کے ایام
مئی **04**-اکتوبر **26**

پک اپ پکل بال

صبح 9-شام 5 بجے تک، ESPLANDE PLAZA

بیڈمنٹن اور ٹینس کا ایک شاندار امتزاج، پکل بال عضلات کو تقویت دینے، کارڈیو ویسکولر صحت میں بہتری لانے، اور دماغی عمل کاری میں اضافہ کرنے کے لیے ثابت شدہ ہے۔ ہر جمعرات کے دن پہلے آئیے پہلے پائیے کی بنیاد پر، ایسپلانیڈے پلازا میں پکل بال گیمز کی اجازت دینے کے لیے نیٹ کو نیچا کیا جاتا ہے۔ اجازت نامے bpca.ny.gov پر دستیاب ہیں۔ 6/15 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔

بدھ کے ایام
مئی **03**-اکتوبر **25**

FIGURE AL FRESCO

صبح 10-دوپہر 12 بجے تک، RECTOR PARK EAST

BPC کا یہ پارک انسانی جسم کا مشاہدہ کرنے اور خاکہ تخلیق کرنے کے لیے ایک منفرد ترتیب کی پیشکش کرتا ہے۔ ہر ہفتے ایک ماڈل شرکاء کے خاکہ کشی کے لیے مختصر اور طویل انداز اپنائے گی۔ ایک آرٹسٹ/معلم تعمیری تجاویز اور اصلاح کی پیشکش کرے گا۔ ڈرائنگ کے مواد فراہم کیے جائے ہیں، اور آرٹسٹس کی اپنے پسندیدہ میڈیا کو بمراہ لانے کے لیے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔



منگل کے ایام
مئی **02**-اکتوبر **24**
ڈراپ ان شطرنج
دن 3:30- شام 5 بجے تک، ROCKEFELLER PARK

ماہر کی طرف سے اشاروں اور مشورے کے ساتھ حکمت عملی کی مقبول گیم کھیلیں۔ شطرنج توجہ، مسئلے کو حل کرنے اور حکمت عملی کی پلاننگ کو بہتر بناتی ہے – مزید یہ کہ یہ پُرلطف ہے! 5 سال اور زائد عمر کے تمام بچوں کے لیے (بالغان کا خیر مقدم کیا جاتا ہے)۔ 7/4 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔

منگل کے ایام
مئی **02**-اگست **29**
بچوں کا ساکر
عمر 3-5: دن 3:30 بجے تک
عمر 6-10: دن 3:45-4:30 بجے تک
ROCKEFELLER PARK
ساکر کے ساتھ اپنی دوپہر کا آغاز کریں! تمام درجوں کے لیے پُرلطف اور مشکل ورزشوں اور مشقوں کے ساتھ ڈریلنگ، پاسنگ، شوٹنگ اور گیم کی حکمت عملی کی بنیادی باتوں کی مشق کریں۔ توازن، کوآرڈینیشن، حرکت اور آگہی پر مرکوز مہارت کی تعمیر کے سیشنز میں مشغول ہونے نئے دوستوں سے ملیں۔ بند جوتا درکار ہے۔ 7/4 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔



پیر کے ایام
مئی **01**-جون **12**
کم عمر بنسی بازوں کا کلب
دوسرے-پانچویں گریڈ کے تمام عمر کے بچوں کے لیے
دن 3:30-شام 5 بجے تک، RECTOR PLACE 200
6 سیشنز، $90
رجسٹریشن درکار ہے، جگہ محدود ہے۔
دریائے ہڈسن کے حیرت انگیز ایکو سسٹم کے نوجوان نگہبان کے طور پر اس قابل قدر قدرتی ذریعے کو دریافت کریں۔ راڈ اور تار چلانے کے لیے درکار مہارتوں کی مشق کریں، اور مچھلی پکڑنے اور چھوڑنے کے جذبے کا تجربہ کریں۔ تحقیقی گروپس کو ڈیٹا جمع کروانے کی غرض سے ہماری مقامی مچھلی کی شناخت کریں تاکہ ہمارے مقامی پانیوں کی صحت کی نگرانی میں مدد کر سکیں۔ پانی کی ٹیسٹنگ اور دیگر پُرلطف پراجیکٹس مطالعے میں اضافے کا باعث بنیں گے۔ 5/29 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔
رجسٹریشن درکار ہے، براہ کرم اس پر ای میل کریں: registration@bpca.ny.gov

منگل کے ایام
مئی **02**-اکتوبر **24**
بچوں کا باغبانی کا کلب
6-10 سال کے تمام عمر کے بچوں کے لیے
دن 3:15-شام 4:45 بجے تک، ROCKEFELLER PARK
مفت پروگرام: رجسٹریشن درکار ہے،
جگہ محدود ہے۔
باغ کی نگہداشت کے لطف اور انعامات کو دریافت کریں۔ سالانہ اور سدابہار پودے لگائیں، اور پانی لگانے، جڑی بوٹیاں ہٹانے، کھاد ڈالنے، اور دیگر گرین باغبانی کی مشقوں میں حصہ لیں۔ جانیں کہ کیسے ہمارا لچک دار باغ پولینیٹ کرنے والے کیڑوں اور پرندوں کو خوراک فراہم کرتا ہے۔ پُرلطف فطری مطالعات اور آرٹ پراجیکٹس پروگرام میں اضافے کا باعث بنیں گے۔ ان بچوں کے لیے جو فطرت سے محبت کرتے ہیں اور جنہیں گندا ہونے سے ہچکچاہٹ نہیں ہوتی!
رجسٹریشن درکار ہے، براہ کرم اس پر ای میل کریں: registration@bpca.ny.gov
7/4 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔

پیر کے ایام
مئی **01**-اگست **28**
بچوں کی وفل بال
عمر 3-5: دن 3:30-3 بجے تک
عمر 6-10: دن 4:30-3:45 بجے تک
ROCKEFELLER PARK
اپنی کوآرڈینیشن اور توازن کی ترویج کریں، اپنی مارنے اور پکڑنے کی مشق کریں، اور بیس بال کا کھیل کھیلیں! لطف اندوز ہونے ہونے بیس بال کی بنیادی باتوں اور تمام درجوں کے لیے ورزشوں کے ساتھ مشغل گیمز کی مشق کریں۔
بند جوتا درکار ہے۔
5/29، 6/19، 7/3 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔

پیر کے ایام
جولائی **10**-گست **14**
فطری نظاروں کے مشاہدے کے لیے فیملی کی چہل قدمیاں
دن 3 بجے، HUDSON RIVER GREENWAY @ 3RD PLACE
4 سال یا زائد عمر کے بچوں والی فیملیز کے لیے
RSVP کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، دورا کرنے کا خیر مقدم کیا جاتا ہے
فطرت سے محبت کرنے والے کم عمر بچوں کے خاندانوں کو پارکس میں پائے جانے والے پودوں اور جانوروں کو دریافت کرنے اور ان کے ساتھ تعلق استوار کرنے کے لیے مدعو کیا جاتا ہے۔ محدب عدسوں اور دوربینوں کا استعمال کرنا نئی سوچ حاصل کرنے میں ہماری مدد کرے گا، جبکہ ہتے رگڑنے، گارے سے فوسل بنانے اور مشاہدات درج کرنے جیسی مختصر سرگرمیاں فطرت کے ساتھ طویل مدتی تعلق تخلیق کرنے میں ہماری مدد کرتی ہیں۔ rsvp کے لیے، براہ کرم اس پر ای میل کریں:
registration@bpca.ny.gov

اسکول کی عمر کے بچوں کے لیے پروگرامز



اسکول کی عمر کے بچوں کے لیے پروگرامز

بدھ کے ایام

مئی **03**-اکتوبر **25**

ٹیئر ڈراپ میں آرٹ بروز بدھ

شام3:30-5 بجے تک، TEARDROP PARK

ہمہ جہتی آرٹ تخلیق کرتے ہوئے ٹیئر ڈراپ پارک کا منفرد ماحول دریافت کریں۔ آرٹ ٹیچرز گارے، کولیج، پینٹ، اور مزید بہت کچھ کا استعمال کرتے ہوئے انفرادی اور گروپ پراجیکٹس کی سرپراہی کرتے ہیں۔ ہمارے صفر فنڈنگ اقدام کو مدنظر رکھتے ہوئے، پراجیکٹس ری سائیکل شدہ، اپ سائیکل شدہ، اور دوبارہ استعمال شدہ مواد پر توجہ مرکوز کرنے والے پراجیکٹس اختراعی اندازوں میں آرٹسٹس کو ہماری دنیا کا خیال رکھنے کے لیے متاثر رکیں گے! آرٹ سپلائیز فراہم کی جاتی ہیں۔ داغوں سے نہ گھبرائیں کیونکہ داغ تو اچھے ہوتے ہیں! 5 سال اور زائد عمر کے بچوں کے لیے ہے۔

جمعرات کے ایام

مئی **04**-اکتوبر **26**

روکیفیلر میں آرٹ بروز جمعرات

شام 3:30-5 بجے تک، ROCKEFELLER PARK HOUSE

اپنے اندر موجود آرٹسٹ کو ابھر کر سامنے آنے دیں! پارک ہاؤس کی جانب سے آرٹ کے لیے دیگر اسکول کی عمر کے بچوں کے ساتھ شامل ہوں۔ ہمارے صفر فنڈنگ اقدام کو مدنظر رکھتے ہوئے، پراجیکٹس ری سائیکل شدہ، اپ سائیکل شدہ، اور دوبارہ استعمال شدہ مواد پر توجہ مرکوز کرنے والے پراجیکٹس اختراعی اندازوں میں آرٹسٹس کو ہماری دنیا کا خیال رکھنے کے لیے متاثر کریں گے! آرٹ سپلائیز فراہم کی جاتی ہیں۔ داغوں سے نہ گھبرائیں کیونکہ داغ تو اچھے ہوتے ہیں! 5 سال اور زائد عمر کے بچوں کے لیے ہے۔



پیر کے ایام

مئی **01**-اکتوبر **30**

پارک ہاؤس میں کھیل اور کہانی کا وقت

صبح 10:30-11:45 بجے تک، ROCKEFELLER PARK HOUSE

تمام بچوں کو بلا رہے ہیں! کھیل بچپن کی ابتدائی نشوونما میں بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ اور مل کر کھیلنا کم عمر بچوں اور نگہداشت فراہم کاران کی کمیونٹی کی تعمیر کا ایک شاندار طریقہ ہے۔ علاوہ ازیں: کہانی کے وقت کے لیے ٹھہریں! بالغان پورے پروگرام میں شرکت کرتے ہیں۔
5/29، 6/19، 7/3، 9/4، 10/9 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔



منگل کے ایام

مئی **02**-اکتوبر **24**

کم عمر بچوں کی پودوں کی باغبانی

صبح 10:30-11:15 بجے تک، ROCKEFELLER PARK

ننھے باغبانوں اور ان کے ہمراہ موجود بالغان کے لیے کیڑے کی نظر سے دنیا کو دیکھنے کا ایک شاندار موقع!
ہمارے ساتھ شامل ہو جائیں کیونکہ ہم اپنے باغوں میں زندگی کے متعلق کہانیاں پڑھتے ہیں اور ہم سب کے گرد موجود پودوں اور پھولوں کو پانی دینے، لگانے، اور تحسین کرنے کے لیے بچوں کے باغ کی طرف بڑھیں! مل کر، ہم بدلتے ہوئے موسموں کا مشاہدہ کریں گے اور پولینیٹرز اور ایسے دیگر کیڑوں کے متعلق جانیں گے جو ہمارے کرہ ارض کے پھلتے پھولتے میں مدد کرتے ہیں۔ باغبانی اس حوالے سے ہمیں سکھانے کا ایک بہترین تعارف ہے کہ ہم ماحول کا خیال کیسے رکھتے ہیں۔
3 تا 5 سال کی عمر کے بچوں کے لیے۔ 7/4 کو کوئی پروگرام نہیں ہو گا۔



پری اسکول کے طلباء کے لیے پروگرامز

6 RIVER TERRACE



6 River Terrace ہماری کمیونٹی کی لچک پذیر جگہ ہے، جو پارٹیوں، میٹنگز، کمیونٹی کی تقریبات، خاندانی، اور تعطیل کے اجتماعات، کاروباری میٹنگز، اور مزید بہت کچھ کے لیے دستیاب ہے! 2,000 مربع فٹ پر محیط وہیل چیئر کے لیے قابل رسائی جگہ اور اسٹریٹ کی سطح سے رسائی حاصل ہے اور 350 مربع فٹ سے زائد کی کھڑکیاں ہیں جو قدرتی روشنی اور پارک اور دریائے ہڈسن کے مناظر فراہم کرتی ہیں۔

ریٹس دو گھنٹوں کی تقریب کے لیے 600$ سے شروع ہوتے ہیں، جس میں ان کے علاوہ ایک گھنٹہ پہلے اور ایک گھنٹہ بعد میں سیٹ اپ اور صفائی کے لیے ہوتا ہے۔

کرائے داری کا معاہدہ درکار ہے۔ درخواستوں کا درخواست کردہ کرائے داری کی تاریخ سے کم از کم ایک ماہ پیشگی موصول ہونا لازمی ہے۔

مقام کے ٹورز، ریزرویشنز، اور مزید معلومات کے لیے براہ کرم کال کریں:
212-267-9700 ایکسٹینشن 9363 یا ای میل کریں: 6riverterrace@bpca.ny.gov





جمعرات کے ایام
مئی **04**-اکتوبر **26**

پیشگی اسکول آرٹ
صبح 10:30-دن 12 بجے تک، ROCKEFELLER PARK HOUSE
انتہائی کم عمر آرٹسٹس کو کاغذ، گارے، پینٹ اور روزمرہ کے ری سائیکل کے قابل مواد سے متعارف کروایا جاتا ہے جو انہیں اختراع اور خوشی کے اعلیٰ ترین فن پاروں میں بدلتے ہیں۔ عمر کے حساب سے موزوں آرٹ پراجیکٹس ایک آرٹ ٹیچر کی جانب سے پیش کیے جاتے ہیں۔
مواد فراہم کیے جاتے ہیں۔ کپڑوں پر داغوں سے نہ گھبرائیں کیونکہ داغ تو اچھے ہوتے ہیں!



بدھ کے ایام
مئی **10**-جون **14**

کنڈی راک
صبح 10:30-11:15 بجے تک، ROCKEFELLER PARK HOUSE

ہمارا شاندار کہانیوں اور گیتوں کے پرفارمرز کا روسٹر زیردست کہانی کے اوقات اور ساتھ گائے جانے والے گیتوں کا شاندار نمونہ پیش کرتا ہے۔





اسٹائویسنٹ ہائی اسکول میں کمیونٹی ہائی اسکول

مئی 01-جون 30
پیر-جمعہ، شام7-رات 10 بجے
ہفتہ اور اتوار، دن 1-رات 9 بجے

جولائی 01-اگست 31
پیر-جمعہ، دن 3-رات 9 بجے
ہفتہ اور اتوار، صبح 10-شام 6 بجے

کمیونٹی سینٹر تفریح، کھیلوں، تیراکی، اور تندرسی کے لیے ایک سستا اور آسان ذریعہ ہے۔



سالانہ رکنیت

بالغان (+18)	199$
بیٹری پارک سٹی کے رہائشی	179$
نوجوان افراد، عمر رسیدہ افراد (+62)، فوجی افراد	79$
بیٹری پارک سٹی کے رہائشی نوجوان افراد، عمر رسیدہ افراد، فوجی افراد	59$

دن کا پاس

بالغان	15$
نوجوان افراد، عمر رسیدہ افراد، فوجی افراد اور بیٹری پارک سٹی کے رہائشی	10$

مزید معلومات کے لیے، 345 Chambers Street, New York, NY 10282 پر کمیونٹی سینٹر کو www.bpca.ny.gov پر ملاحظہ کریں یا اس پر ای میل کریں:
communitycenter@bpca.ny.gov

BPC بال فیلڈز

مئی 01-اگست 31
پیر-جمعہ، صبح 8-رات 9 بجے
ہفتہ اور اتوار، صبح 9-رات 9 بجے

مرے اور وارن اسٹریٹس کے درمیان ویسٹ اسٹریٹ پر واقع ہے۔
سال بھر گروپ کھیلوں کے لیے کھلا رہتا ہے۔
بال فیلڈز کے اجازت نامے کی غرض سے اپلائی کرنے کے لیے،
براہ کرم ملاحظہ کریں: www.bpca.ny.gov/apply/permits



200 RECTOR PLACE

کمیونٹی روم

200 ریکٹر پلیس پر واقع کمیونٹی روم 600 مربع فٹ کی لچک پذیر جگہ ہے جو کاروبار اور کمیونٹی کی میٹنگز، اور مختصر سماجی، خاندانی اور تعطیل کے اجتماعات کے لیے کرائے پر دستیاب ہے۔
ریٹس 50$ فی گھنٹہ سے شروع ہوتے ہیں۔ کرائے داری کا معاہدہ درکار ہے۔ درخواستوں کا درخواست کردہ کرائے داری کی تاریخ سے کم از کم ایک ماہ پیشگی موصول ہونا لازمی ہے۔
مقام کے تورز، ریزرویشنز، اور مزید معلومات کے لیے براہ کرم کال کریں:
212-267-9700 ایکسٹینشن 9363 یا ای میل کریں: 200Rector@bpca.ny.gov





بیٹری پارک سٹی کا نقشہ

1 2 3 1 N R W 1 4 5

مزید معلومات کے لیے QR کوڈ اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:
hudsonriverpark.org

مزید معلومات کے لیے QR کوڈ اسکین کریں یا ملاحظہ کریں:
thebattery.org



ریسٹ رومز

آرٹ انسٹالیشن

کمپوسٹنگ ٹراپ آف

جون میں آغاز سے تعمیر کے لیے بند کردہ

تعمیر کے لیے بند کردہ

مزید جاننے کے لیے bpca.ny.gov/sbpcr ملاحظہ کریں

NEW YORK STATE OF OPPORTUNITY.

Battery Park City Authority

75 Battery Place New York, NY 10280 212-267-9700

www.bpca.ny.gov
facebook.com/batteryparkcityparks
twitter.com/bpca_ny
instagram.com/bpcparks

سوئے اور سبزیوں کی سیاہی کے ساتھ ۔ کلورین سے پاک ری سائیکل شدہ کاغذ پر پرنٹ کردہ۔